महाराष्ट्र शासन
शालेय शिक्षण व क्रीडा विभाग
राज्य शैक्षणिक संशोधन व प्रशिक्षण परिषद, महाराष्ट्र
७०८ सदाशिव पेठ, कुमठेकर मार्ग, पुणे ४११०३०
संपर्क क्रमांक (०२०) २४४७ ६९३८ E-mail: evaluationdept@maa.ac.in

---

# Question Bank

Standard:- 10th جماعت:-دہم

Medium:- Urdu میڈیم:-اردو

Subject:- Science & Technology - II مضمون:-سائنس اور ٹکنالوجی حصّہ دوم

ہدایت:-

۱- یہ سوالات کا بینک صرف طلبہ کے لئے مثالی سوالیہ پرچے حل کرنے کی مشق کے لیے ہی دیے جارہے ہیں-

۲ -اس بات کو ذہن نشین رکھیں کہ بورڈ امتحانات کے سوالیہ پرچوں میں یہی سوالات نہیں آئیں گے--

## سبق نمبر1 توارث اور ارتقا

سوال نمبر1(A) مندرجہ ذیل میں سے صحیح متبادل کا انتخاب کیجیے اور مکمل جملے دوبارہ لکھیے ۔(ہر ایک کے لیے1نمبر)

i)ایک نسل کی حیاتی خصوصیات جین کے ذریعے دوسری نسل میں منتقل ہونے کا عمل ۔۔۔۔۔۔کہلاتا ہے۔

a)توارث b)تغیر c)ارتقا d)تبدیلی

ii)ارتقا یعنی ۔۔۔۔۔۔۔۔

a)مرحلہ وار تبدیلی b)سلسلہ وار زوال c)مرحلہ وار ترقی d)مرحلہ وار نمو

iii)درج ذیل میں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔یہ آثاری عضو نہیں ہے۔

a)دم گزا b)چھوٹی آنت c)عقل داڑھ d)اپنڈکس

iv)زمین کے اندر محفوظ جانداروں کے باقیات ۔۔۔۔۔۔کہلاتے ہیں۔

a)درمیانی کڑیاں b)معدنیات c)رکازات d)کاربنی مرکبات

v)افریقہ کا ۔۔۔۔۔۔۔۔پہلا انسان نما جانور کہلایا۔

a)اجپٹو پتھکس b)ڈرایو پتھکس c)نیڈرتھال d)راما پتھکس

(B)درج ذیل سوالات حل کیجیے۔(ہر ایک کے لیے ایک نمبر)

i)متفرق جز والگ کیجیے۔انسانی ہاتھ،جھینگر کا پَر، بلی کا اگلا پیر،وہیل مچھلی کا زعنفہ

ii)درمیانی کڑی کی ایک مثال لکھیے۔

iii)پہلے لفظ کی جوڑی کو دیکھ کر دوسرے لفظ کی جوڑی مکمل کیجیے۔

کان کے عضلات: آثاری عضو:: لنگ فش:۔۔۔۔۔۔۔

iv)صحیح یا غلط لکھیے۔گوریلا اور چمپانجی کا ارتقا تقریباً ایک کروڑ سال قبل ہوا۔

v)نام لکھیے۔تمام بیس امینو ایسڈ کے لیے کوڈان دریافت کرنے والا ہندوستانی سائنسداں۔

سوال نمبر2(A) سائنسی وجوہات لکھیے ۔(ہر ایک کے لیے دو نمبرات)

i)پیری پیٹس کو حلقہ دار دودوں اور جوڑ دار پیر والے جانور کے درمیان رابطے کی کڑی کہا جاتا ہے۔

ii)جل تھلیوں کا ارتقا مچھلیوں سے ہوا۔

iii)ماں باپ کی چند خصوصیات ان کے بچوں میں دکھائی دیتی ہیں۔

(B)درج ذیل سوالات حل کیجیے۔(ہر ایک کے لیے 2 نمبرات)

i)درج ذیل کی اصطلاحات کی تعریف لکھیے۔a)نوعی تبدل b)ٹرانسلوکیشن

ii)درمیانی کڑی سے کیا مراد ہے؟اس کی دو مثالیں لکھیے۔

iii)ڈارون کے قدرتی انتخاب کے نظریہ کے کوئی دو اہم اعتراضات لکھیے۔

iv) درج ذیل جدول مکمل کیجیے۔


| | |
|---|---|
| جدید جانداروں کا زمانہ | -------------- |
| ------------ | جل تھلیے، مچھلیاں |

v) مختصر نوٹ لکھیے۔ ڈارون کا قدرتی انتخاب کا نظریہ

سوال نمبر 3 ذیل کے سوالوں کے جواب لکھیے۔ (ہر ایک کے لیے 3 نمبرات)

i) حالیہ دور میں توارثی سائنس کس طرح کارآمد ہے؟ لکھیے۔

ii) درج ذیل ویب خاکہ مکمل کیجیے۔




iii) کاربنی پیمائش زماں کی وضاحت کیجیے۔

iv) ٹرانسکرپشن اور ٹرانس لوکیشن میں امتیازی فرق لکھیے۔ (کوئی تین نکات)

vi) لیمارک کے نظریہ کے مختصر وضاحت کیجیے۔

v) رکازات کا مطالعہ ارتقا کا ایک اہم جز ہے۔ اس بیان کی وضاحت کیجیے۔

سوال نمبر 4: جواب لکھیے۔ (ہر ایک کے لیے 5 نمبرات)

i) انسانی ارتقا کی تفصیلی معلومات لکھیے۔

## سبق نمبر ۲ جانداروں میں حیاتی افعال حصہ ۱۔

سوال نمبر 1 (A) مندرجہ ذیل میں سے صحیح متبادل کا انتخاب کیجیے اور مکمل جملے دوبارہ لکھیے۔ (ہر ایک کے لیے ۱ نمبر)

i) کاربا ہائیڈریٹ سے ہمیں ---------- توانائی حاصل ہوتی ہے۔

a) 4kcal/gm b) 6Cal/gm c) 3Kcal/gm d) 5Kcal/gm

ii) الیکٹرون منتقلی زنجیری تعامل ----- میں انجام پاتا ہے۔

a) خلیہ مایہ b) مرکزہ c) توانیہ d) لائسوزوم

iii) جسم میں ----- تیار ہونے کی وجہ سے ہم تھکن محسوس کرتے ہیں۔

a) سائٹرک ایسڈ b) لیکٹک ایسڈ c) ایسی ٹک ایسڈ d) گلوکونک ایسڈ

iv) امینو ایسڈ کے کئی سالمات ایک دوسرے سے مل کر جو اکبر سالمہ بناتے ہیں اسے ۔۔۔۔۔۔۔ کہتے ہیں۔

a) چربی　　b) کاربوہائیڈریٹ　　c) وٹامن　　d) پروٹین

v) خلیہ کی دیوار تیار کرنے کے لیے۔۔۔۔۔۔۔نام کے سالمات کی ضرورت ہوتی ہے۔

a) رائبوفلاون　　b) فاسفولیپڈ　　c) ایسٹروجین　　d) آلڈوسیٹرون

(B) درج ذیل سوالات حل کیجیے۔(ہر ایک کے لیے 1 نمبر)

i) صحیح یا غلط لکھیے۔مساوی تقسیم جسم کی نشوونما کے لیے ضروری نہیں۔

ii) $FADH_2$ کا پورا نام لکھیے۔

iii) پہلی نسبت کو دیکھتے ہوئے دوسری نسبت لکھیے۔


جلد: کیرٹین:: ہڈیاں:۔۔۔۔۔۔۔

iv) متفرق جز الگ کیجیے۔

الکحل، سرکہ، پائروک ایسڈ، لیکٹک ایسڈ

v) مناسب جوڑی لگائیے۔

| ستون الف | ستون ب |
| --- | --- |
| شکر پاشیدگی | سبز مائینہ |
| | پلازمہ جھلی |




a) دی گئی شکل میں کون سے کو انزائم دکھائے گئے ہیں؟

b) شکل کون سے عمل کو ظاہر کر رہی ہے؟

iii) دی گئی شکل کا مشاہدہ کرکے سوالات کے جوابات دیجیے۔

iv) درج ذیل اصطلاحات کی تعریف بیان کیجیے۔

a) خلوی تنفس b) تخمیر

v) مساوی تقسیم میں درمیانی حالت کو مختصر واضح کیجیے۔


سوال نمبر 3: ذیل کے سوالات حل کیجیے۔(ہر ایک کے لیے 3 نمبرات)

i) درج ذیل پیراگراف مکمل کیجیے۔

------خلیے کی اور جانداروں کی اہم خصوصیت ہے۔اسکی وجہ سے کثیر خلوی جاندار کے جسم میں ------ہوسکتی ہے۔اس کی دو خاص قسمیں مساوی تقسیم اور------ ہیں۔مساوی تقسیم جسم کے------اور------ میں انجام پاتی ہے جبکہ تقلیلی تقسیم------ میں ہوتی ہے۔کسی بھی قسم کی خلوی تقسیم میں پہلے خلیہ اپنے مرکزہ میں موجود کروموزوم کی تعداد دگنی کرتا ہے۔

ii) ATP خلیہ کی توانائی کی کرنسی ظاہر کرنے کے لیے شکل بنا کر اسے نامزد کیجیے۔

iii) درج ذیل رواں خاکہ مکمل کیجیے۔




iv) فاقہ کشی اور بھوک مری جیسے حالات میں توانائی کس طرح حاصل کی جاتی ہے؟

v) مساوی تقسیم اور تقلیلی تقسیم میں فرق لکھیے۔(کوئی تین نکات)

vi) گلائکولائیسس کو EMP pathway کیوں کہا جاتا ہے؟

سوال نمبر 4 جواب لکھیے۔(ہر ایک کے لیے 5 نمبرات)

i) کس خلیہ کو توانائی کی کرنسی کہتے ہیں؟ تفصیل سے وضاحت کیجیے۔

ii) پروٹین کیسے حاصل کیے جاتے ہیں؟ پروٹین کے اجزا کیا ہیں؟

# Science - II

Questions Bank

## سبق نمبر۔ ۳ جانداروں میں حیاتی افعال (حصہ دوم)

**سوال نمبرا:(A) صحیح متبادل چن کراس کے حرف تہجی کو ضمنی سوال کے نمبر کے سامنے لکھیئے۔ (کثیر متبادل سوالات) ہر ایک کے لئے ایک نمبر**

1) جنین کی تنصیب۔۔۔۔۔۔عضو میں ہوتی ہے۔

a) بیضہ دان b) بیض نالی c) رحم d) اندام نہانی

2) بذرہ دان کے جوف میں۔۔۔۔۔۔۔ تقسیم کی وجہ سے بذرے بنتے ہیں۔

a) کثیر b) مساوی c) دوئی d) تقلیلی

3) انسانی منویہ کی تیاری۔۔۔۔۔۔۔۔میں ہوتی ہے۔

a) پروسٹیٹ غدود b) فوطے c) بیضہ دان d) کاؤپرغدود

4) انسانوں میں۔۔۔۔۔۔۔کروموزوم نرجاندار کی جنس کا تعین کرتا ہے۔۔

a) X b) Z c) Y d) O

5) جسم کے کئی ٹکڑے ہونے کے بعد ہرٹکڑا ایک جاندار بن کر زندگی گذارنے لگتا ہے۔اس قسم کی تولید ۔۔۔۔۔۔کہلاتی ہے۔

a) بازپیدائش b) تجزیہ کاری c) تقسیم دوئی d)_ کلیاؤ

**سوال نمبرا:(B) جوڑیاں لگایئے۔ (معروضی سوالات) ہر ایک کے لئے ایک نمبر**

| تولید کے اقسام | مثالیں |
| --- | --- |
| ۱) تجزیہ کاری<br>۲) افقی تقسیم دوئی | ۱) پیرامیشیئم<br>۲) یوگلینا<br>۳) سائیکان<br>۴) پلنیریا |

2) صحیح یا غلط پہچانیئے۔

منی (Semen) میں گلوکوز نامی شکر موجود ہوتی ہے۔

3) متفرق جزعلحٰیدہ کیجئے۔

مولی ،گاجر ، آلو ، شکرقند

4) نام لکھیئے۔

غیر جنسی تولید کے طریقے

**سوال نمبر۲ :(A) سائنسی وجوہات لکھیئے۔ (ہر ایک کے لئے دو نمبر)**

1) نباتات میں پھول جنسی تولیدی عمل کی افعالی اکائی ہے۔

2) جنسی تولید کے عمل سے پیدا ہونے والے نومولود میں ہمیشہ دونوں والدین کے جین موجود ہوتے ہیں۔

3) نباتات میں دوہری بارآوری کا عمل ہوتا ہے۔

**سوال نمبر۲:(B) مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات لکھیئے۔ (ہر ایک کے لئے دو نمبر)**

1) کوئی دو جنسی بیماریوں کے نام لکھیئے۔

2) جنسی اور غیر جنسی تولیدی عمل میں فرق لکھیئے۔


3) IVF مصنوئی بارآوری طریقے کی وضاحت کیجیے۔

4) پیالہ گل اور تاج گل کے افعال بیان کیجیے۔

5) نباتی افزائشی نسل کی وضاحت کیجئے۔


**سوال نمبر 3: مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب لکھیئے۔ (ہرایک کے لئے تین نمبر)**

ا) (a) مندرجہ ذیل شکل میں میوکر کی نئی کالونیاں کس طرح بنتی ہے؟




(b) بارآواری کی تعریف لکھیئے؟

۲) مندرجہ ذیل شکل میں a,b,c نشان کردہ حصوں کے نام اورافعال لکھیئے۔




۳) مختلف معالجاتی جانچوں کے باوجود بےشمار زوجین اولاد سے محروم رہتے ہیں۔اس حالت میں آپ کونسی انسدادی تدابیر تجویز کرینگے؟

۴) یک خلوی جانداروں میں غیر جنسی تولید کی قسمیں مثالوں کے ساتھ لکھیئے۔

۵) ماہواری کسے کہتے ہیں؟مختصر معلومات دیجئیے۔

**سوال نمبر 4: مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب لکھیئے۔ (ہرایک کے لئے پانچ نمبر)**

(1) a) نباتات میں جنسی تولیدی عمل کی افعالی اکائی کون سی ہے؟

b) دوجنسی پھول سے کیا مراد ہے؟

c) پیالئہ گل کا فعل لکھیئے؟

d) تاج گل کا فعل لکھیئے؟

e) عمل زیرگی کے حیاتی ذرائع کون سے ہیں؟

(2) درج ذیل اعضاء کے افعال لکھیئے؟

a) فوطے — b) بیضہ دان

c) رحم — d) منوی کیسہ

e) اندام نہانی

(3) درج ذیل میں کون سے طریقے کی غیر جنسی تولید ہوتی ہے؟

a) اسپائروگائرا — b) پلینیریا

c) ہائیڈرا — d) آلو

e) پاؤ

## سبق نمبر:4-ماحول کا حسن انتظام

A-Q1 دیے گئے متبادلات میں سے صحیح متبادل کا حروف تہجی ضمنی سوال کے نمبر کے سامنے لکھیے۔(کثیر متبادل سوالات

(ہر ایک کے لیے ایک نمبر)

1) آسام میں واقع کونسی تحفظ گاہ کو بند اور پانی کے بے تحاشہ استعمال سے خطرہ لاحق ہے۔

(a)تاڑوبا (b)کازی رنگا (c)مانس (d)سندربن

2) ۔۔۔۔۔۔۔نادر نسل کی مثال ہے۔

(a) ریڈ پانڈا (b) گیر کے شیر ببر (c)لائن ٹیلڈ بندر (d) پٹے والے ٹائیگر

3) آسام کے جوہارٹ میں کوکیلا مکھ کے مقام پر جنگل کو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کے نام سے جانا جاتا ہے۔

(a) مولائی جنگل (b)امیزان جنگل (c)کانہا نیشنل پارک (d)ان میں سے کوئی نہیں

4) ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ماحول کی آلودگی میں اضافہ کا سبب ہے۔

(a) جنگلات کی کٹائی (b)صنعتوں میں اضافہ (c)غیر منظم شہر کاری (d)مندرجہ بالا تمام

5) ماحول کے تحفظ سے متعلق۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہماری ذمہ داریاں ہیں۔

(a) شجرکاری (b)قدرتی وسائل کی حفاظت کرنا (c)کچرے کا حسن انتظام کرنا (d)مندرجہ بالا تمام

[B]Q1۔درج ذیل سوالات کے جوابات لکھیے۔(معروضی سوالات)(ہر ایک کے لیے ایک نمبر)

(1) ایک لفظ/جملہ میں جواب لکھیے۔۔(ہر ایک کے لیے ایک نمبر)

"کسی دیوتا کے نام پر مختص کردہ اور مقدس سمجھا جانے والا جنگل۔"

(2)متفرق جز علیحدہ کیجیے۔۔(ہر ایک کے لیے ایک نمبر)

مغربی گھاٹ،مانس تحفظ گاہ،سندربن تحفظ گاہ،مولائی جنگل

(3)پہلی جوڑی کے درمیان تعلق کے مد نظر دوسری جوڑی مناسب لفظ یا الفاظ کے گروپ سے مکمل کیجیے۔

(ہر ایک کے لیے ایک نمبر)

i)ریڈ پانڈا:نادر نسلیں:: عظیم الجثۃ شیکرو گلہری::۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ii)جنگلی بیل:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔::ایک سینگ والا گینڈا:مانس تحفظ گاہ

(4) دیے گئے بیانات صحیح ہے یا غلط لکھیے۔(ہر ایک کے لیے ایک نمبر)

(1) کئی افراد مل کر ایک نیا جنگل اگاتے ہیں لیکن ایک شخص دل میں ٹھان لے تو پورا جنگل ختم کر سکتا ہے۔

(2) صرف غیر جاندار اجزا سے مل کر ماحول نظام تیار ہوتا ہے۔

(5) ذیل میں دی گئی علامت کیا ظاہر کرتی ہے۔-(ہر ایک کے لیے ایک نمبر)



Q.2 (A) سائنسی وجوہات بیان کیجے۔(ہر ایک کے لیے دو نمبر)

1) آلودگی ایک وسیع تصور ہے۔

2) مغربی گھاٹ میں ایشیائی شیر ببر اور جنگلی بیل کا وجود خطرہ میں آ گیا ہے۔

3) ماحولی نظام میں ہر جز کا کردار اہم ہوتا ہے۔

4) قدرت میں پائے جانے والے لاروے، گندی جگہوں پر پائے جانے والے جراثیم، دیمک وغیرہ ماحول کے لئے مفید ہوتے ہے۔

Q.2[B] مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات لکھیے۔-(ہر ایک کے لیے دو نمبر)

(1) حیوانات اور نباتات کی بے شمار نسلوں کے خطرہ سے دوچار ہونے کے کوئی دو اسباب لکھئے۔

(2) جینی تنوع کی تعریف لکھ کر مثال دیجیے۔

(3) حیاتی تنوع کی تعریف لکھ کر اسکی قسمیں لکھیے۔

(4) غیر متعین نسلیں کسے کہتے ہے؟ ایک مثال لکھیۓ۔

(5) ماحول کے تحفظ کے لیے انسان کون سا کردار ادا کر سکتا ہے۔

6) ماحول پر اثر انداز ہونے والے کوئی دو عوامل لکھیے۔

Q3درج ذیل سوالات کے جوابات لکھیے۔(ہر ایک کے لیے تین نمبر)

(1) جادو مولائی پیانگ کی کہانی سے آپکو کیا سبق ملتا ہے؟جنگلات کے تحفظ کے لیے ہم کیا کردار ادا کر سکتے ہے؟

(2)ماحول کے تحفظ کے لئے چھ تدابیر لکھیے۔

(3)آلودگی کے مسئلہ کو حل کرنا ماحول کے حسن انتظام کا موثر طریقہ ہے،اس بیان کو ثابت کیجئے۔

(4)ماحول کے تحفظ کے تعلق سے ایسی کوئی تین سرگرمیاں لکھیئے جو آپ انجام دیں گیں۔

(5)نوٹ لکھیئے۔

"مقدس دیورائی"

(6)زمین ہمارے آباواجداد کی جانب سے ہمیں موروثی حق کے ذریعے نہیں ملی ہے۔وہ ہمیں پچھلی نسل کی جانب سے قرض میں ملی ہے۔اس بیان کا مطلب واضح کیجئے۔

(7)حیاتی تنوع کے تین سطح کے بارے میں لکھیئے۔

.Q4مندرجہ ذیل میں سے کوئی ایک سوال حل کیجیے۔(ہر ایک کے لیے پانچ نمبر)

i)ماحول کے تحفظ کے لیے مختلف سطحوں پر کوشش کی جاتی ہے۔ان سطحوں پر کوشش کرنے والوں کا مخصوص مقام ہوتا ہے۔ذیل میں چند کردار دیے گئے ہیں۔آپ ان میں سے کس کردار کو پسند کریں گیں؟کیوں؟ہر ایک کے دو کام لکھیے؟

a)پابندی(Prevention)

b)قابو(Control)

c)پیداوار(Production)

d)تشہیر(Awareness)

e)نگہداشت(Conservation)

ii) درج ذیل معلومات پڑھ کر اس پر مبنی سوالات کے جوابات لکھیے۔

آج زمین پر کئی قدرتی اور انسان کے پیدا کردہ اجزا کے اثر کی وجہ سے کئی ماحولی مسائل پیدا ہو گئے ہیں۔ ان میں ماحولی آلودگی ایک اہم مسئلہ ہے۔ عام طور پر کسی بھی چیز یا مادے کا آلودہ ہونا یعنی آلودگی ہے۔ ماحولی آلودگی یعنی قدرتی آفات یا انسان کے افعال کی وجہ سے اطراف کے ماحول میں غیر ضروری اور نا قابل قبول تبدیلی ہے۔ انسانی آبادی کا دھماکہ، تیزی سے بڑھنے والی صنعتیں، قدرتی وسائل کا بے جا استعمال، غیر منظم شہر کاری، وغیرہ وجوہات ماحول کی آلودگی میں اضافہ کا باعث بنتی ہے۔

۱) ماحولی مسائل پیدا ہونے کی وجہ لکھیے۔

۲) کوئی ایک ماحولی مسئلہ لکھیے۔

۳) ایسی دو وجوہات جو ماحول کی آلودگی میں اضافہ کا باعث ہو لکھیے۔

۴) انسان کسطرح ماحولی مسائل پیدا کرنے کے لیے ذمہ دار ہے لکھیے۔

## سبق نمبر۵:سبز توانائی کی جانب

(A) Q1 دیے گئے متبادلات میں سے صحیح متبادل کا حروف تہجی ضمنی سوال کے نمبر کے سامنے لکھیے۔(کثیر متبادل سوالات)

(ہر ایک کے لیے ایک نمبر)

1) ذیل میں سے کون سا سبز توانائی کا ذریعہ نہیں ہے۔

(a)ہوا (b)قدرتی گیس (c)سورج کی روشنی (d)رکازی ایندھن

2) شمسی بلب میں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کی توانائی استعمال ہوتی ہے۔

(a)حرارت (b) ہوا (c)نور (d) آواز

3) جوہری توانائی کی تیاری، حرارتی توانائی کے مقابلے میں بہتر متبادل ہے۔کیونکہ

(a)ہوا کی آلودگی نہیں ہوتی۔

(b)صحت کے مسائل پیدا نہیں ہوتے۔

(c)کچرا پیدا نہیں ہوتا۔

(d)خطرناک جوہری شعاعیں خارج نہیں ہوتی۔

(4)برقی توانائی کی تیاری ظاہر کرنے والا صحیح فلو چارٹ ذیل میں سے کون سا ہے۔

(a)توانائی کا ذریعہ ، جنریٹر ، ٹربائن ،برقی توانائی

(b)توانائی کا ذریعہ ٹربائن،جنریٹر،برقی توانائی

(c)برقی توانائی،جنریٹر،ٹربائن،توانائی کا ذریعہ

(d)ٹربائن،جنریٹر،توانائی کا ذریعہ،برقی توانائی

(5) جوہری توانائی حاصل کرنے کے لیے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ایندھن کا استعمال ہوتا ہے۔

(a)کوئلہ (b)قدرتی گیس (c)یورینیم (d)ان میں سے کوئی نہیں۔

1.B ۔درج ذیل سوالات کے جوابات لکھیے۔(معروضی سوالات)(ہر ایک کے لیے ایک نمبر)

1)متفرق جز علحیدہ کیجیے۔۔(ہر ایک کے لیے ایک نمبر)

i)خوردنی تیل، خام معدنی تیل، CNG,LPG

ii)شمسی ضیائی توانائی، شمسی حرارتی توانائی، ہوا کی توانائی، حرارتی توانائی

2.دیے گئے بیانات صحیح ہے یا غلط لکھیے۔(ہر ایک کے لیے ایک نمبر)

i)حرارتی برقی مرکز میں ٹربائن شمسی توانائی پر کام کرتا ہے۔

ii)ٹربائن برقی جنریٹر سے جڑا ہوا ہوتا ہے۔اس لیے مقناطیس کے گھومنے پر برقی توانائی پیدا ہوتی ہے۔

3)مناسب جوڑیاں لگائیے۔

| I | II |
|---|---|
| 1)آلودگی پیدا کرنے والی توانائی | a)ہوا کی توانائی |
| 2)ماحول دوست توانائی | b)جوہری توانائی |
|  | c)ماحول دوست توانائی |

4۔نام لکھیے۔

۱)مشین جو ہوا کی توانائی بالحرکت کو برقی توانائی میں تبدیل کرتی ہے۔

۲)سورج کی شعاع کی ضیائی توانائی کو راست طریقے سے برقی توانائی میں تبدیل کرنے والا برقی خانہ۔

(5)پہلی جوڑی کے درمیان تعلق کے مد نظر دوسری جوڑی مناسب لفظ یا الفاظ کے گروپ سے مکمل کیجیے۔

(ہر ایک کے لیے ایک نمبر)

i)پانی کے ذخیرہ میں توانائی: توانائی بالقوی::ہوا کی توانائی:---------------

ii)کوئلہ: حرارتی توانائی::یورینیم:-----------

Q2[A] سائنسی وجوہات بتایئے۔۔(ہر ایک کے لیے دو نمبر)

(1) آبی توانائی، شمسی توانائی، ہوا کی توانائی کو قابل تجدید توانائی کہتے ہے۔

(2) ہوا کی توانائی کو سبز توانائی تسلیم کیا جاتا ہے۔

(3) ای بائک، ای کار، رکازی ایندھن پر چلنے والی گاڑیوں کا بہترین متبادل ہو سکتے ہے۔

(4) رکازی ایندھن کے ذخائر زمین میں محدود ہے۔

(5) جوہری توانائی کے مرکز میں جوہر کے انشقاق کے عمل کو قابو میں رکھنا انتہائی ضروری ہے۔

[B] (Q.2 مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات لکھیے۔۔(ہر ایک کے لیے دو نمبر)

1) امتیازی فرق لکھئے۔

(i) حرارتی توانائی پر منحصر بجلی کی توانائی اور جوہری توانائی پر منحصر برقی توانائی

(ii) روایتی توانائی کے ذرائع اور غیر روایتی توانائی کے ذرائع

2) درج ذیل بیان کی وضاحت کیجئے۔

i) رکازی ایندھنوں سے حاصل ہونے والی توانائی سبز توانائی نہیں ہے۔

ii) توانائی کی بچت آج کی اہم ضرورت ہیں۔

3) آبی برقی توانائی مرکز میں بجلی کی پیداور کے کوئی دو فائدے لیکھئے۔


4) جوہری توانائی کے مرکز میں جوہری انشقاق کے عمل کو مختصر بیان کیجئے۔

5) شمسی توانائی کے کوئی دو فائدے لکھیۓ۔

6) توانائی کے روز مرہ کی زندگی میں استعمالات لکھیۓ۔

7) کس بجلی گھر میں توانائی کی تبدیلی کے سب سے زیادہ مراحل ہیں؟ اور کس بجلی گھر میں کم سے کم ہیں؟

8)درج ذیل تصویر کا مشاہدہ کیجیے اور پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھیے۔




i)شکل میں دی ہوئی مشین کا نام لکھیے۔

ii)اس مشین کے بارے میں مختصر معلومات لکھیے۔

Q3درج ذیل سوالات کے جوابات لکھیے۔(ہر ایک کے لیے تین نمبر)

1) شکل کا مشاہدہ کیجئے اور درج ذیل سوالوں کے جواب لکھیئے۔





(a)مندرجہ بالا شکل میں کون سا تعامل دکھایا گیا ہے۔

(b)اس تعامل کا استعمال کہاں کیا جاتا ہے۔

(c)اس تعامل میں کون سے عناصر کا استعمال کیا جاتا ہے۔

2) درج ذیل شکل کا مشاہدہ کر کے دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیے۔




(a) اس بجلی گھر سے کون سی توانائی پیدا ہوتی ہے۔

(b) اس توانائی کا ذریعہ کیا ہے۔

(c) کوئلے سے چلنے والے برقی توانائی کے مرکز اور قدرتی گیس پر منحصر برقی توانائی کے مرکز میں سے کس توانائی کے مرکز میں کام کرنے کی صلاحیت زیادہ ہوتی ہے۔


3) حرارتی بجلی تیار کرنے کے لیے کون سے ایندھن استعمال کیے جاتے ہیں ان ایندھن کے استعمال سے کون کون سے مسائل پیدا ہوتے ہیں۔

4) آبی بجلی کی پیداوار کے فائدے لکھیے۔

5) آبی برقی توانائی مرکز میں توانائی کی تبدیلی کو دکھانے والا رواں خاکہ بنایئے؟ پانی کے ذخیرہ میں کون سی توانائی جمع ہوتی ہے؟

Q4 مندرجہ ذیل میں سے کوئی ایک سوال حل کیجیے۔(ہر ایک کے لیے پانچ نمبر)

(1) شکل کا مشاہدہ کر کے جواب دیجئے۔




(a) کون سی توانائی پیدا ہو رہی ہے۔

(b) اس توانائی کے مرکز کا انحصار کس پر ہے۔

(c) کیا توانائی کی تیاری ماحول دوست ہے۔

(d) اس مرکز میں برقی توانائی کی پیداوار اور ہوا کی رفتار کا کیا تعلق ہے۔

(e) وہ مشین جو ہوا کی توانائی بالحرکت کو برقی توانائی میں تبدیل کرتی ہے۔ کیا کہلاتی ہے۔

4) درج ذیل معلومات پڑھ کر اس پر مبنی سوالوں کے جواب لکھیے۔

برقی توانائی مختلف طریقوں سے پیدا کی جاتی ہے۔ مثلاً آبی توانائی، ہوا کی توانائی، شمسی توانائی، حیاتی ایندھن وغیرہ۔ توانائی کے یہ ذرائع ابدی اور ناختم ہونے والے ہے۔ اس کے علاوہ یہ ذرائع ماحولیاتی مسائل بھی پیدا نہیں کرتے۔

i) درج بالا معلومات کس توانائی کے بارے میں ہے؟

ii) کیا رکازی ایندھن اس توانائی کی ایک مثال ہے؟

iii) برقی توانائی کی پیداوار کارواں خاکہ تیار کیجیے؟

iv) کیا ہوا کی توانائی کو ہم ماحول دوست توانائی کہ سکتے ہے۔

v) ابدی اور ناختم ہونے والے توانائی کے ذرائع کون سے ہے۔

QUESTION BANK

**مضمون: سائنس اور ٹکنالوجی (حصہ دوم)**

**سبق نمبر: 6 : حیوانات کی جماعت بندی**

**سوال نمبر 1(A): دیئے گئے متبادلات میں سے صحیح متبادل کا انتخاب کیجیے۔ (ہر ایک کے لیے ایک نمبر)**

(i) استوانہ نما جسم والے حیوانات کا جسم اگر چھتری نما ہو تو اسے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کہتے ہیں۔

a) نقل و مکان کرنے والے حیوانات

b) محاس

c) مرجان

d) شوکہ دار جسم والے

(ii) ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سرد خون والا حیوان ہے۔

a) چمگادڑ

b) سانپ

c) خرگوش

d) ہاتھ

(iii) جوڑ دار پیر والے حیوانات کے جسم کا بیرونی غلاف ۔۔۔۔۔۔۔۔ سے بنا ہوتا ہے۔

a) سیلولوز

b) لگنن

c) کیلشیم

d) کائٹن

(iv) سیپ یا صدف کا باہری سخت خول۔۔۔۔۔ مرکب سے بنا ہوتا ہے۔

a) کیلشیم کلورائڈ

b) میگنیشیم آکسائیڈ

c) کیلشیم کاربونیٹ

d) سوڈیم کلورائیڈ

(v) نلی نما پیر کے ذریعے حرکت کرنے والے حیوانات درج ذیل کس عائلہ سے تعلق رکھتے ہیں؟

a) شوکہ دار جلد والے

b) جوڑدار پیر والے

c) نرم جسم والے

d) حلقے دار دودے

**(B) درج ذیل سوالات حل کیجیے۔(ہر ایک کے لئے ایک نمبر)**

**مندرجہ ذیل خالی جگہ پُر کیجئے۔**

(i) مسام دار جسم والے حیوانات میں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ تشاکل پایا جاتا ہے۔

(ii) شوکہ دار جسم والے حیوانات۔۔۔۔۔۔ کے ذریعے حرکت کرتے ہیں۔

**(iii) مناسب جوڑیاں لگایئے۔**

| ستون الف | ستون ب |
|---|---|
| 1. جوڑدار پیر والے حیوانات | a) مینٹل |
| 2. نرم جسم والے حیوانات | b) غیر تشاکلی جسم |
| | c) کائٹن |

(iv)

| ستون ب | ستون الف |
|---|---|
| a) رینگنے والے حیوانات | 1. پیٹرومائزان |
| b) گول منہ والے | 2. سلامنڈر |
| c) جل تھلیے | |

**(v) دیا گیا بیان صحیح ہے یا غلط لکھئے۔**

a) مگرمچھ جل تھلیے جماعت سے تعلق رکھتا ہے۔

b) شوکہ دار جسم والے حیوانات نلی نما پیر کے ذریعے حرکت کرتے ہیں۔

**(vi) متفرق جزو علیحدہ کیجئے۔**

a) آنتی دودا، فیل پادودا، لوالوا، پلیزیا۔

b) روہو، مینڈک، چھپکلی، ہائیڈرا۔

**(vii) دی گئی نسبت کے دوارکان کے تعلق کے مدنظر پہلی / دوسری نسبت مکمل کیجئے۔**

a) جیلیے: طوطا:: غیر جیلیے:-----------------

b) ہائیلونیما: مسامدار جسم والے:: لیور فلیوک:--------

**سوال نمبر: ۲(A): درج ذیل کی سائنسی وجوہات لکھیئے۔ (ہر ایک کے لئے دو نمبر)**

I. پرندوں کے جسم کا درجہ حرارت مستقل ہوتا ہے۔

II. کچھوا اور مینڈک خشکی اور پانی دونوں جگہ رہتے ہیں پھر بھی کچھوے کا شمار جل تھلیے میں نہیں کیا جاتا۔

III. جونک (Leech) کا استعمال آیورویدک علاج میں کیا جاتا ہے۔

IV. جیلی فش سے اگر ہمارا جسم مَس ہو جائے تو اس جگہ جلن ہوتی ہے۔

V. ورمی کمپوسٹ کی تیاری میں کیچوے کا استعمال کیا جاتا ہے۔

VI. بیلینوگلوسس فقریے اور غیر فقریے کی درمیانی کڑی ہے۔

**(B): دی گئی ہدایتوں کے مطابق درج ذیل سوالات کے جوابات لکھیئے۔ (ہر ایک کے لئے دو نمبر)**

I. " ہائیڈرا " کی صاف ستھری نامزد شکل بنائیے۔

II. عائلہ "شوکہ دار جسم" والے حیوانات کی خصوصیات لکھئے۔

III. جیلئے اور غیر جیلئے کے درمیان فرق لکھئے۔

IV. مندرجہ ذیل حیوانات کے نام اور وہ کس عائلہ سے تعلق رکھتے ہیں لکھئے۔




(a)



(b)

V. دی گئی شکل کو نامزد کیجئے۔



VI. مندرجہ ذیل کی مختصر وضاحت کیجئے۔

a) گرم خون کے حیوانات۔

b) سرد خون کے حیوانات۔

VII. درج ذیل سوالوں کے جواب لکھئے۔

(a) کس عائلہ کے حیوانات چٹانوں سے چپکے ہوتے ہیں؟

(b) ان کے جسم کو کانٹے کا سہارا ہوتا ہے۔ یہ کانٹے کس سے بنے ہوتے ہیں؟

**سوال نمبر 3: دی گئی ہدایتوں کے مطابق درج ذیل سوالات کے جوابات لکھئیے۔ (ہر ایک کے لئے تین نمبر)**

1. (i) مندرجہ ذیل دیئے گئے جاندار کس عائلہ سے تعلق رکھتے ہیں لکھیے؟ اور ان جانداروں کے نام بھی لکھیئے؟

1)



----------------------

2)



----------------------

3)




----------------------

4)




----------------------

4)



----------------------

4)



----------------------

(ii)درج ذیل دیے گئے جاندار کی مدد سے خالی جگہ پر کریں۔



(a)۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کی موجودگی کی وجہ سے یہ جاندار جماعت پستانیے سے تعلق رکھتا ہے۔

(b)یہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔خون کا جاندار ہے۔

(c)اس جاندار کا جسم۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔، ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ مشتمل ہوتا ہے۔

(iii)میری شناخت کیجئے۔


(a) میرا جسم چھتری نما ہوتا ہے۔اگر میں کسی کے جسم سے مس ہو جاوں تو اسے کھجلی ہوتی ہے۔

(b) میرا جسم لمبا، باریک دھاگے نما ہوتا ہے اور جسم غیر قطعہ دار سخت پوست سے ڈھکا ہوتا ہے۔بتایئے میں کس عائلہ سے تعلق رکھتا ہوں؟

(c) میں فقریے اور غیر فقریے کی درمیانی کڑی ہوں، مجھے "ایکورن ورم" بھی کہا جاتا ہے۔

(iv)ذیلی عائلہ ۔فقریے کو کون سی چھ جماعتوں میں تقسیم کیا گیا ہے؟ ہر ایک مثال لکھئے؟

(v)مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات لکھئیے۔



a. اُوپر دیا گیا جاندار کس عائلہ سے تعلق رکھتا ہے؟

b. ان میں کس قسم کا تشاکل پایا جاتا ہے؟

c. اس جاندار میں پانی جسم میں داخل کرنے اور جسم کے باہر خارج کرنے کے لئے خاص مسامات ہوتے ہیں، ان کے نام لکھئے؟

(vi) تتلی اور چمگادڑ کے درمیان واضح فرق لکھیے۔

(vii) جماعت گول منہ والے جانداروں کی امتیازی خصوصیات لکھیے۔

**سوال نمبر:4: درج ذیل سوالات کے جوابات لکھیئے۔ (ہر ایک کے لئے پانچ نمبر)**

(i) درج ذیل اقتباس کو بغور پڑھئے اور اس کے نیچے دیے ہوئے سوالوں کے جواب لکھیے۔

نقل و حرکت حیوانات کی اہم خصوصیت سمجھی جاتی ے۔ حالانکہ مسامدار حیوانات (عائلہ: پوریفیرا) نقل و حرکت نہیں کرتے۔ جبکہ باقی تمام دیگر عائلوں سے متعلق حیوانات میں نقل و حرکت کرنے کے لئے مخصوص اعضا ہوتے ہیں۔ مثلاًنیر لیس پیرا پوڈیا کی مدد سے رینگتے ہیں۔ جبکہ کیچوے مخصوص سیٹے (Setae) کی مدد سے مٹی میں سوراخ کرتے ہیں۔ مکڑی پیروں کی چار جوڑیوں کی مدد سے، کیکڑا پانچ پانچ پیروں کی جوڑیوں اور دیگر کیڑے پیروں کی تین جوڑیوں سے حرکت کرتے یں۔ حرکت کرنے والے ان پیروں کو جوڑدار پیر بھی کہتے ہیں۔ تارا مچھلی اپنے نلی نما پیروں سے حرکت کرتی ہے۔ گھونگھے اور سیپ / صدف عضلاتی پیروں کی مدد سے، پرندے اپنے پھیلے ہوئے پروں کی مدد سے اور مچھلیاں پانی میں زعنفوں کی مدد سے تیرتی ہیں۔ پرندوں اور مچھلیوں دونوں کے جسم گاؤدُم ہوتے ہیں یعنی درمیان میں اُبھرے ہوئے اور کنارے ملتے ہوئے ہوتے ہیں۔ جسم کی اس مخصوص بناوٹ کی وجہ سے مچھلیوں کو تیرنے کے لیئے اور پرندوں کو اُڑنے کے لیئے کم، مزاحمت درکار ہوتی ہے۔ پستانیوں میں پیروں (یا بازوں) کی دو جوڑیاں ہوتی ہیں۔ سانپ کے پیر نہیں ہوتے۔ سانپ کی جماعت کے دیگر حیوانات کے بھی جارحے کمزور ہوتے ہیں۔ جس کی وجہ سے وہ زمین پر رینگتے ہوئے حرکت کرتے ہیں۔

a. شوکہ دار جسم والے حیوانات کس عضو کے ذریعے حرکت کرتے ہیں؟


b. کون سی جماعت کے حیوانات کے اگلے جارحے پروں میں تبدیل ہو جاتے ہیں؟

c. کس جماعت کے حیوانات میں کمزور جارحے ہوتے ہیں؟

d. مچھلیوں کا جسم گاؤدم کیوں ہوتا ہے

e. کیکڑا کس عائلہ سے تعلق رکھتا ہے؟

(ii) درج ذیل خاکہ مکمل کیجئے اور دوبارہ لکھیئے؟



(iii)درج ذیل جدول مکمل کیجئے۔

| مثالیں | خصوصیات | عائلہ |
|---|---|---|
| ------------- | ------------- | پستانیے |
| ------------- | ------------- | رینگنے والے حیوانات |
| روہو | ------------- | ------------- |
| ------------- | گرم خون والے | ------------- |
| ------------- | --------------- | استوانہ نما جسم والے |

(iv) مندرجہ ذیل حیوانات کی "جماعت تک" درجہ بندی کیجئے۔

(a) جھینگر

(b) ہشت پا


(c) چھپکلی

(d) مینڈک

(e) کبوتر

(v) (a) عائلہ نخاعیے کو کتنے ذیلی نخاعیے میں تقسیم کیا گیا ہے؟ نام لکھئے؟

(b)مندرجہ ذیل شکل کو نامزد کیجئے۔



## ۷.  خوردبینی حیاتیات کا تعارف

**سوال نمبر:۱(A): دیے گیے متبادلات میں سے صحیح متبادل کا انتخاب کر کے لکھئے۔(ہر ایک کے لئے ایک نمبر)**

A. (i) مشروم میں موجود۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔نامی خامرے کا استعمال نباتی چیز تیار کرنے کے لیے کیا جاتا ہے۔

a) Lysases

b) Protease

c) Ligase

d) Hydrolase

(ii) سیب کے رس کی تخمیر کر کے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔مشروب حاصل کیا جاتا ہے۔

a) سیڈار

b) وائن

c) کافی

d) کوکو

(iii) مندرجہ ذیل۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔بیکٹیر یا سمندری پانی کی تہہ پر موجود تیل کو صاف کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔

a) سیکرومائسیس

b) لیکٹو بیسی لس

c) سیوڈوموناس

d) اسپر جلس

(iv) ایسی ٹک ایسڈ کا کیمیائی ضابطہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہے۔

a) $CH_3COOH$

b) $CH_3OH$

c) $C_2H_5OH$

d) $C_4H_9OH$

(v) گنے کے رس کی تخمیر کے لئے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ خورد بینی جاندار کا استعمال کیا جاتا ہے۔

a) سیکرومائسیس

b) لیکٹوبیسی لس

c) سیوڈوموناس

d) ازاٹوبیکٹر

**(B): مندرجہ ذیل سوالات ہدایت کے مطابق حل کیجیے۔ (ہر ایک کے لئے ایک نمبر)**

(i) (a) پانی میں حل پذیر ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کے نمک کو جیوبیکٹر بیکٹیریا غیر حل پذیر نمک کی شکل میں تبدیل کر دیتا ہے۔

(b) ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ بیکٹیریا گندے پانی میں انسان کے بنائے ہوئے زینوبایوٹک کیمکل کو تحلیل کرتا ہے۔

(ii) مناسب جوڑیاں لگائیے۔

(a)

| ستون الف | ستون ب |
|---|---|
| 1. لائیکوپن | a) پولی لیکٹک ایسڈ |
| 2. زینتھین گم | b) رنگ |
| | c) آئسکریم اور پڈنگ |

(b)

| ستون ب | ستون الف |
|---|---|
| a) مٹھاس پیدا کرنا | 1. سرکہ |
| b) ایسیٹک ایسڈ | 2. سائٹرک ایسڈ |
| c) تیزابی خاصیت پیدا کرنا | |

(iii) دی گئی نسبت کے دوارکان کے تعلق کے مد نظر پہلی / دوسری نسبت مکمل کیجئے۔

(a) بیکرس ایسٹ: سیکرومائسیس سیر وسی::HCB بیکٹیریا:--------------۔

(b) نائیسن: خوردبینی جانداروں پر قابو:: گلوٹامک ایسڈ::----------۔

**(iv) صحیح ہے یا غلط لکھئے؟**

a) خوردبینی حیاتی خامرے کم درجہ حرارت، دباؤ اور PH پر بھی فعال ہوتے ہیں۔

b) سرکہ یعنی 4٪ ایسٹک ایسڈ ہے۔

**(v) متفرق جزو علیحدہ کیجئے۔**

a) ڈارک چاکلیٹ، میسوسوپ، ویفرس، کارن سیرپ۔

b) سرکہ، سویاساس، کیچ اپ،، مونوسوڈیم گلوٹامیٹ۔

**سوال نمبر:۲(A): مندرجہ ذیل کی سائنسی وجوہات لکھئیے۔ (ہر ایک کے لئے دو نمبر)**

(i) بیکرس ایسٹ کے ذریعے تیار شدہ پاو اور دیگر اشیا تغذیہ بخش ہوتی ہے۔

(ii) مائکروبایو ٹکس خامرے ماحول دوست ہوتے ہیں۔

(iii) پروبایو ٹکس غذائیں پسندیدہ اور تغذیہ بخش ہوتیں ہیں۔

(iv) سمندر یا دریا کی سطح پر پھیلی ہوئی تیل کی تہہ ہائڈروکاربونو کلاسٹک بیکٹیریا کے ذریعے صاف کی جاتی ہے۔

(v) مجسمے، پل اور عمارتوں کی دھاتوں کو سلفیورک ایسڈ کے نقصان سے بچانے کے لئے خوردبینی جانداروں کا استعمال کیا جاتا ہے۔

**(B): درج ذیل سوالات کو ہدایت کے مطابق حل کیجیے۔ (ہر ایک کے لئے دو نمبر)**

(i) زینتھن گم کے استعمالات لکھئے ؟

(ii) پٹرول اور ڈیزل کے ساتھ ایتھنال ملانے کے کیا فائدے ہیں ؟

(iii) خورد بینی حیاتی خامروں کے کوئی چار نام لکھئے ؟

(iv) حکومت کی طرف سے بار بار یہ احکامات کیوں جاری کیے جاتے ہیں کہ سوکھے اور گیلے کچرے الگ الگ رکھے جائیں ؟

(v) مندرجہ ذیل دی گئی شکل کس طرح کے ایندھن کی پیداوار کو ظاہر کرتا ہے ؟ اس کی وضاحت کیجئے ؟

(vi) دودھ سے دہی بننے کے عمل کے دوران کیمیائی تبدیلی کی وضاحت کیجئے ؟

(vii) خورد بینی حیاتی عمل کے ذریعے کون کون سے ایندھن حاصل ہوتے ہیں ؟ ان ایندھنوں کے استعمال کی ترغیب کیوں ضروری ہے۔

**سوال نمبر: ۳: مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات لکھئیے۔ (ہر ایک کے لئے تین نمبر)**

I. مندرجہ ذیل جدول مکمل کیجئے۔

| خورد بینی حیاتی عمل سے حاصل شدہ اشیا | افعال |
|---|---|
| 1. سائٹرک ایسڈ، میلک ایسڈ، لیکٹک ایسڈ | a) ________________________________ |
| 2. گلوٹامک ایسڈ، لائیسن، ٹرپٹوفین | b) ________________________________ |
| 3. نائسین، ناٹامائیسن | c) ________________________________ |

II. کیمیائی صنعت میں آج کل کیمیائی عمل انگیز کی بجائے خورد بینی حیاتی خامروں کا استعمال کیا جاتا ہے۔ کیوں ؟ وضاحت دیجئے۔


III. پلاسٹک تھیلیوں کے استعمال پر پابندی عائد کرنے کے لئے آپ کون کون سے اقدامات اُٹھائیں گیں ؟

IV. درج ذیل جدرول مکمل کیجئے

| خورد بینی جاندار | استعمالات |
|---|---|
| (a) اسپر جلس نیگر | ________________________________ |
| (b) لیکٹو بیسی لس ڈیل بروکی | ________________________________ |
| (c) اسپر جلس فیریس | ________________________________ |

V. ”زمین بھرنے کی جدید جگہ“ کی نامزد شکل بنایئے۔

VI. درج ذیل خاکہ مکمل کیجئے؟




VII. ڈاکٹر نے پوجا کو مشورہ دیا کہ اینٹی بایوٹک کی گولیوں کے ساتھ ساتھ دہی یا چھانچھ کا بھی استعمال کریں۔ ایسا کیوں؟

VIII. مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب لکھئے؟

i. خوردبینی جانداروں کی مدد سے فاضل مادوں کے تجزیے سے کونسی گیس حاصل ہوتی ہے؟

ii. سیکرومائسس نامی خمیر کو جب گنے کے باقیات میں ملاتے ہیں تو کونسی الکوحل حاصل ہوتی ہے؟

iii. ایندھن حاصل کرنے کے لئے کن نباتات کی کاشت کی جاتی ہے؟

**سوال نمبر:۴: درج ذیل سوالات حل کیجیے۔(ہر ایک کے لیے پانچ نمبر)**

(i) درج ذیل سوالوں کے جواب لکھیے۔

(a) مختلف غذائی مادوں میں کھٹاپن لانے کے لیے کس کا استعمال کیا جاتا ہے؟

(b) پھلوں ک رس کی تخمیر کے لیے کس خوردبینی جاندار کا استعمال کیا جاتا ہے؟

(c) سرکہ کا کیمیائی نام لکھیے؟

(d) ایسی ٹک ایسیڈ کا کیمیائی ضابطہ لکھئے۔

(e) سرکہ میں کتنے فی صد ایسٹک ایسڈ ہوتا ہے؟

(ii) خورد بینی حیاتیات کے کوئی پانچ اہم استعمال لکھئے ؟

(i) مندرجہ ذیل خالی جگہ پُر کیجئے۔

گاوں میں ہر گھر کا گندہ پانی زمین یا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کے پلانٹ میں چھوڑا جاتا ہے لیکن بڑے شہروں میں جمع ہونے والا گندہ پانی پروسیس سینٹر میں جاتا ہے۔ اس پر مائیکرو بیئل عمل کیا جاتا ہے۔

گندے پانی کے کسی بھی مرکب کا تجزیہ کرنے والے، اسی طرح کالرا، پیچش، میعادی بخار کے بیکٹیریا کو ختم کرنے والے خورد بینی جاندار اس میں شامل کیے جاتے ہیں۔ وہ گندے پانی کے کاربنی اشیا کو تحلیل کر کے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔، ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کو آزاد کرتے ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ گندے پانی میں انسان کے بنائے ہوئے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کیمکل کو تحلیل کرتا ہے۔

## سبق نمبر ۸ : خلویات اور حیاتی ٹکنالوجی

**سوال نمبر ا۔(الف) : (کثیر متبادل سوالات) دیے گئے متبادلات میں سے صحیح متبادل کا حرف تہجی ضمنی سوال کے نمبر کے سامنے لکھئے۔(ہر ایک کے لئے ایک نمبر)**

i) خلیوں کی ساخت، خلیوں کی اقسام اور خلیوں کے اندرونی حصّوں کا مطالعہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کہلاتا ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| a) حیاتیات | b) خلویات | c) خردبینی خیاتیات | d) حیاتی ٹیکنالوجی |

ii) ساق خلیات ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میں پائے جاتے ہیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| a) آنتوں | b) جگر | c) مغز استخواں | d) دماغ |

iii) بیسی لس تھیورینجی نیسیس نامی بیکٹریا کے مخصوص جین سے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کپاس تیار کے جاتی ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| a) بی ٹی کپاس | b) بی ایل کپاس | c) بیکٹرائی کپاس | d) حیاتی کپاس |

iv) ذیابطیس مرض کے علاج کے لیے انسولین نامی محرکاب ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ خردبینی جاندار سے حاصل کیا جاتا ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| a) پروٹوزا | b) پھپھوند | c) وائرس | d) بیکٹریا |

v) ڈی این اے فنگر پرنٹنگ تکنیک کا استعمال ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میں ہوتا ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| a) خلوی سائنس | b) جینیاتی سائنس | c) فارنسک سائنس | d) ماڈرن سائنس |

vi) ڈاکٹر نارمن بورلاگ اور ڈاکٹر ایس ایس سوامی ناتھن کے کارنامے۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میں بہت قابل قدر ہیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| a) سفید انقلاب | b) سبز انقلاب | c) حشرات کش ادویات | d) حیاتی ٹیکنالوجی |

vii) ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ مرض کے خلاف قوتِ مدافعت بڑھانے کے لیے ٹرانس جینک کچے آلو استعمال کیے جاتے ہیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| a) جذام | b) پولیو | c) ٹی بی | d) کالرا |

viii) بھارت سرکار نے نیلا انقلاب مشن ۲۰۱۶ پروگرام کے تحت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کی پیداوار کی صنعت کو فروغ دیا ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| a) شہد | b) مچھلی | c) ریشم | d) مرغ |

ix) اعضاء کی پیوند کاری کے لئے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کا عطیہ مرنے کے بعد ہی کیا جا سکتا ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| a) آنکھوں | b) ہڈّیوں کا مغز | c) جلد | d) بالوں |

x) دو الگ الگ فصلوں کے جین یکجا کر کے حاصل کی گئی فصل کو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کہتے ہیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| a) بیج کی فصل | b) جین یافتہ فصل | c) مخلوط النسل | d) فصل کی پیداوار |

# سبق نمبر ۸ : خلویات اور حیاتی ٹکنالوجی

سوال نمبر ۱۔(ب) : (معروضی سوالات) درج ذیل سوالات حل کیجئے۔

**a) دی گئی نسبت کو پہچان کرنا مکمل نسبت مکمل کیجئے۔یا۔ارکان کے درمیان باہمی تعلق معلوم کیجئے۔(ہرایک کے لئے ایک نمبر)**

i)انسولین: ذیابطیس: : انٹرلیوکن: ___________

ii)شہد کی مکھی: شہد کی کھی پالن: :کیچوا: ___________

iii)سورج مکھی: یورینیم اورآرسینک : :ڈی اینو کوکس:___________

iv)سفید انقلاب: ڈیری کی صنعت: : سبز انقلاب: ___________

v)بی ٹی بیگن: تھیورینجی نیسیس: : گولڈن چاول: ___________

**b) متفریق جز علیحدہ کیجئے ۔(ہرایک کے لئے ایک نمبر)**

i)یوریا، میلاچیان، ڈی ڈی ٹی، کلوروپائریفائس

ii)روہو، کٹلا، سانپ، جھینگا

iii)نمک ملانا، تیل ملانا، پکانا، خشک کرنا

سوال نمبر ۱۔(ب) : (معروضی سوالات) درج ذیل سوالات حل کیجئے۔

**c) مناسب جوڑ لگائیے۔(ہر ایک کے لئے ایک نمبر)**

۱

| گروپ الف | گروپ ب |
|---|---|
| ۱)انسولین | a)کینسر |
| ۲) سومیٹواسٹین | b)انیمیا |
| | c)بوناپن |
| | d)ذیابطیس |

۲

| گروپ الف | گروپ ب |
|---|---|
| ۱) ٹرانس جینک آلو | a)انٹرفیران |
| ۲) کلوننگ | b)خوردنی ٹیکہ |
| | c)ڈولی بھیڑ |
| | d)الفاالفا |

۳

| گروپ الف | گروپ ب |
|---|---|
| ۱) سیل تھیراپی | a)جگر |
| ۲) اعضاء کی پیوندکاری | b)آنکھ |
| | c)ذیابطیس |
| | d)بی ٹی کپاس |

سوال نمبرا۔(ب) : (معروضی سوالات) درج ذیل سوالات حل کیجئے۔

**d) صحیح یا غلط لکھئیے۔(ہرایک کے لئے ایک نمبر)**

i) بالغ ساق خلیات کو انسانی خون سے حاصل کیا جاسکتا ہے۔

ii) منویہ اور بیض خلیے کے علاوہ جسم کے تمام خلیات جنسی خلیات کہلاتے ہیں۔

iii) بھارت میں ڈاکٹر ورگھس کورین کو سفید انقلاب کے بانی کہا جاتا ہے۔

iv) حیاتی ٹیکنالوجی کے ذریعے زراعت میں فصلوں کی مختلیف اقسام تیار کی گئی ہیں۔

v) ذیابطیس جیسے مرض کے علاج کے لئے پہلے گھوڑوں کے جسم سے انسولین حاصل کیا جاتا تھا۔

**e) نام لکھئیے۔(ہرایک کے لئے ایک نمبر)**

i) خلیوں کی ساخت، خلیوں کی اقسام اور خلیوں کے اندرونی حصّوں کا مطالعہ۔

ii) نیلا انقلاب کے لئے بھارتی حکومت کا اقدام۔

iii) جنیاتی اصلاح شدہ کپاس۔

iv) مرنے کے بعد عطیہ کئے جانے والے اعضاء۔

**سوال نمبر ۲ (الف) : درج ذیل کی سائنسی وجوہات لکھئے۔(ہر ایک کے لئے دو نمبر)**

i) انسانی جسم میں چند اعضاء بہت زیادہ اہمیت کے حامل ہیں۔

ii) ڈی این اے فنگر پرنٹنگ تکنیک کا استعمال فارنسک سائنس میں ہوتا ہے۔


iii) جنین ساق خلیے کو انسانی خلیات کا سرپرست خلیہ کہتے ہیں۔

iv) حیاتی ٹیکنالوجی کے ذریعے زراعت کے شعبے میں فصل کی پیداوار اور تنوع بڑھایا گیا ہے۔

v) ٹرانس جینک آلو کو خوردنی ٹیکہ کہا جاتا ہے۔

**سوال نمبر ۲ (ب) : دی گئی ھدایتوں کے مطابق درج ذیل سوالات کے جوابات لکھئے ۔(ہر ایک کے لئے دو نمبر)**

i) خالی دائروں میں مناسب الفاظ لکھ کر خاکہ دوبارہ بنائیے۔
i) خالی دائروں میں مناسب الفاظ لکھ کر خاکہ دوبارہ بنائیے۔



**سوال نمبر ۲ (ب) : دی گئی ھدایتوں کے مطابق درج ذیل سوالات کے جوابات لکھئے ۔(ہر ایک کے لئے دو نمبر)**

ii) مختصر نوٹ لکھئے: ادویاتی نباتات کی اہمیت


iii) حیاتی ٹیکنالوجی کیا ہے؟اس کی مختلیف شاقوں کے نام لکھئے۔

iv) زراعت کے میدان میں حیاتی ٹیکنالوجی کے فوائد بیان کیجئے۔

v) کلونگ کیا ہے؟ بہتر انسانی صحت کے لئے اس کے استعمال لکھئے۔

**سوال نمبر ۳ : دی گئی ھدایتوں کے مطابق درج ذیل سوالات کے جوابات لکھئے ۔(ہر ایک کے لئے تین نمبر)**

i) درج ذیل خاکہ مکمل کیجئے۔



**سوال نمبر ۳ :دی گئی ھدایتوں کے مطابق درج ذیل سوالات کے جوابات لکھئے ۔(ہر ایک کے لئے تین نمبر)**

ii)ذیل کی جدول کی اصطلاحات کی وضاحت لکھئے۔

| وضاحت | اصطلاح |
|---|---|
| | ۱)انسولین |
| | ۲) جین تھراپی |
| | ۳) انٹرفیران |
| | ۴) خوردنی ٹیکہ |
| | ۵) ساق خلیہ |
| | ۶) اعضاء کی پیوند کاری |


iii) پھلوں کو سال بھر استعمال کے لئے محفوظ کرنے کے مختلیف طریقوں کے نام رواں خاکہ بنا کر لکھئے۔

iv)شعبہ زراعت میں سبز انقلاب کی اہمیت لکھئے۔

**سوال نمبر ۳ :دی گئی ھدایتوں کے مطابق درج ذیل سوالات کے جوابات لکھئے ۔(ہر ایک کے لئے تین نمبر)**

v) حشرات کش ادویات کے استعمال کے دوران احتیاطی تدابیر لکھئے۔

vi) شکل میں درج معلومات کا بغور مشاہدہ کیجئے اور اس کی وضاحت اپنے الفاظ میں کیجئے۔



**سوال نمبر ۳ : دی گئی ھدایتوں کے مطابق درج ذیل سوالات کے جوابات لکھئے ۔(ہرایک کے لئے تین نمبر)**

vii) بی ٹی کپاس، بی ٹی بیگن اور گولڈن رائس کے استعمال کے فوائد لکھئے۔

viii) ٹیکہ کیا ہے؟ انسانی زندگی میں ٹیکہ لگانے کی اہمیت لکھئے۔

**سوال نمبر ۴ : درج ذیل سوالات کے جوابات لکھئے ۔(ہرایک کے لئے پانچ نمبر)**


i) ٹرانس جینک آلو تیار کرنے کے طریقے کا نامزد خاکہ بنایئے اور اس طریقے کی وضاحت و اہمیت لکھئے۔

ii) مختلیف مثالوں کے ذریعے انسانی زندگی میں حیاتی ٹیکنالوجی کی اہمیت وافادیت لکھئے۔

iii) مچھلی پالن اور نامیاتی کھادوں کی تیاری کے طریقوں کی وضاحت لکھئے۔

iv) ذیل سے کسی دو تصاویر کی شناخت کیجئے اور اس سے وابسطہ معلومات تحریر کیجئے۔

۱




ساق خلیہ سے علاج

۲



ڈاکٹر ایس ایس سوامی ناتھن

۳



ڈولی (کلوننگ)

# سبق نمبر ۹ : سماجی صحت

**سوال نمبر ا۔(الف) : (کثیر متبادل سوالات) دیے گئے متبادلات میں سے صحیح متبادل کا حرف تہجی ضمنی سوال کے نمبر کے سامنے لکھئے۔(ہر ایک کے لئے ایک نمبر)**

i) بڑھتی ہوئی آبادی، ملازمت اور کاروبار میں مقابلہ آرائی، انفرادی خاندان یہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کی وجوہات ہیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| a)لت | b)ذہنی تناؤ | c)ناقابِل علاج بیماری | d)گھریلو تنازات |

ii) مختلف بیماریاں اور دماغی خلل والے معمر افراد کی صحیح دیکھ بھال نہیں ہونے سے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کی تعداد میں اضافہ ہو رہا ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| a)دواخانوں | b)مریضوں | c)بزرگوں کے گھروں | d)ضعیف لوگوں |

iii) تھکن، سر درد، نیند نہ لگنا، کانوں میں آواز کا گونجنا، جوڑوں میں درد، بھولنا یہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کی تابکار شعاعوں سے ہوتا ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| a)نیوکلیائی اشیاء | b)کمپیوٹر اسکرین | c)سورج | d)موبائیل فون |

iv) انسانی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔نظام شراب نوشی سے بے حد متاثر ہوتا ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| a)استخراجی | b)انہضامی | c)تنفّسی | d)عصبی |

v) دوسروں کا تخلیق کردہ ادب، سافٹ وئر، ویڈیوز، موسیقی کا غلط استعمال یا غیر قانونی طور پر بیچنا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کہلاتا ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| a)چوری | b)دھوکہ | c)پائریسی | d)سائبر جرم |

vi)۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ذہنی تناؤ سے نجات پانے کا ایک بہترین طریقہ ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| a)شراب نوشی | b)سیگریٹ نوشی | c) مجلس قہقہ | d)نیند |

vii)سائبر جرائم پر قابو پانے کے لئے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ قانون بنایا گیا ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| a) 2009 کا | b) 2005 کا | c)آرٹیکل 49 | d)اطلاعاتی ٹیکنالوجی کا قانون ۲۰۰۰ |

سوال نمبر ا۔(ب) : (معروضی سوالات) درج ذیل سوالات حل کیجئے۔

**a) دی گئی نسبت کو پہچان کرنا مکمل نسبت مکمل کیجئے۔یا۔ارکان کے درمیان باہمی تعلق معلوم کیجئے۔(ہر ایک کے لئے ایک نمبر)**

i)لڑکیوں کو مذاق کا نشانہ بنانا: ذہنی تناؤ: : نشیلی اشاء کا استعمال: ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ii)لت پیدا کرنے والی اشیاء: منشیات: : کینسر پیدا کرنے والی اشیاء: ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

iii)ہیکنگ کرنا: سائبر جرم: : دوسروں کے اتخلیق کردہ ادب کی چوری:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

**b) متفرق جز علیحدہ کیجئے ۔(ہر ایک کے لئے ایک نمبر)**

i) سماجی ماحول، سیاسی ماحول، آمد و رفت کی سہولت، خلائی میشن

ii) شراب نوشی، سیگریٹ نوشی، پائریسی، منشیات

iii) تھکن، سر درد، حادثات، کانوں میں آواز کا گونجنا

سوال نمبر ا۔(ب) : (معروضی سوالات) درج ذیل سوالات حل کیجئے۔

**c) مناسب جوڑ لگائیے۔(ہر ایک کے لئے ایک نمبر)**

۱

| گروپ الف | گروپ ب |
|---|---|
| ۱) سائبر جرائم | a) تمباکو کا ذیادہ استعمال |
| ۲) لت | b) سیلفی لینا |
| | c) جوڑوں میں درد |
| | d) کسی کے اے ٹی ایم سے پیسے نکالنا |

۲

| گروپ الف | گروپ ب |
|---|---|
| ۱) خود فکری | a) ذہنی تناؤ کم کرنا |
| ۲) مجلس قہقہ | b) قانون ۲۰۰۰ |
| | c) موبائیل کا ذیادہ استعمال |
| | d) خود غرضی |

سوال نمبرا (ب) : (معروضی سوالات) درج ذیل سوالات حل کیجئے۔

**d) صحیح یا غلط لکھئیے۔(ہر ایک کے لئے ایک نمبر)**

i) اداسی اور احساسِ محرومی میں مبتلا افراد کے لئے مشاورت ( کاؤنسلنگ ) بہتر طریقہ ہے۔

ii) پر مسرت موسیقی سننے سے ذہنی تناؤ میں اضافہ ہوتا ہے۔

iii) سلام ممبئی فاؤنڈیشن تمباکو سے آزاد سماج کے لئے کوشاں ہے۔

**e) نام لکھئیے۔(ہر ایک کے لئے ایک نمبر)**

i) موبائیل کی لت کے اثرات۔

ii) تناؤ کو کم کرنے کے طریقے۔

iii) سماجی صحت پر اثر انداز ہونے والی بیماریاں۔

**سوال نمبر ۲ (الف) : درج ذیل کی سائنسی وجوہات لکھئے۔(ہر ایک کے لئے دو نمبر)**

i) سماجی صحت کی بہتری کے لئے دوست اور رشتہ داروں کی محفل ہونا ضروری ہے۔


ii) کم عمر کے بچوں میں نشے کی لت زیادہ نظر آرہی ہے۔

iii) ذہنی تناؤ کو کم کرنے کے لئے مجلسِ قہقہ ایک اچھی مصروفیت ہے،

**سوال نمبر ۲ (ب) :دی گئی ھدایتوں کے مطابق درج ذیل سوالات کے جوابات لکھئے ۔(ہر ایک کے لئے دو نمبر)**

i) مختصر نوٹ لکھئے: سائبر جرائم

ii) ذیل کا خاکہ مکمل کیجئے۔



**سوال نمبر ۲ (ب) : دی گئی ھدایتوں کے مطابق درج ذیل سوالات کے جوابات لکھئے ۔(ہر ایک کے لئے دو نمبر)**

iii) نا قابِل علاج بیماریوں کا بزرگوں کی سماجی سحت پر کونسا اثر ہوتا ہے۔

iv) ذیل کا خاکہ مکمل کیجئے۔




**سوال نمبر ۳ : دی گئی ھدایتوں کے مطابق درج ذیل سوالات کے جوابات لکھئے ۔(ہر ایک کے لئے تین نمبر)**

i) اپنی ذاتی رائے لکھئے: شراب کی لت میں مبتلہ شخص کی اصلاح کاری ہونی چاہیے۔

ii) جدید ٹیکنالوجی اور موبائیل فون کا مسلسل استعمال کرنے والے افراد میں کونسی تبدیلیاں رونما ہوتی ہے۔

iii) سائبر جرائم کیا ہیں؟ سائبر جرائم کے کنڑول روم میں کئے جانے والے کام لکھئے۔

## سوال نمبر ۳ :دی گئی ھدایتوں کے مطابق درج ذیل سوالات کے جوابات لکھئے ۔(ہر ایک کے لئے تین نمبر)

iv)ذیل کی جدول کی اصطلاحات کی وضاحت لکھئے۔

| اصطلاح | وضاحت |
|---|---|
| ۱) لت | |
| ۲) مجلسِ قہقہ | |
| ۳) خود فکری | |
| ۴)پائرسی | |
| ۵) رضاکار تنظیمیں | |
| ۶)قانون ۲۰۰۰ | |

v)دی گئی اشکال کی وضاحت لکھئے۔

الف




ب



**سوال نمبر ۳ :دی گئی ھدایتوں کے مطابق درج ذیل سوالات کے جوابات لکھئے ۔(ہر ایک کے لئے تین نمبر)**

vi) شکل میں درج معلومات کا بغور مشاہدہ کیجئے اور اس کی وضاحت اپنے الفاظ میں کیجئے۔




vii) سائبر جرائم کے تحت کس قسم کے جرائم میں اضافہ ہو رہا ہے۔

سوال نمبر ۴ : درج ذیل سوالات کے جوابات لکھئے ۔(ہر ایک کے لئے پانچ نمبر)

i) سماجی صحت پر اثرانداز ہونے والے کوئی پانچ عوامل کی وضاحت لکھئے۔

ii) ذیل کی تصاویر سے ہمیں کونسا پیغام حاصل ہوتا ہے۔۔

الف



ب



# Science - II

Questions Bank

## سبق نمبر۔ ۱۰ آفات کا حسنِ انتظام

**سوال نمبرا:(A) صحیح متبادل چن کر اس کے حرف تہجی کو ضمنی سوال کے نمبر کے سامنے لکھیئے۔(کثیر متبادل سوالات) ہر ایک کے لئے ایک نمبر**

1) ضلعی سطح پر آفت کے حسن انتظام اور باز آبادکاری کے منصوبوں پر عمل داری کے لیے۔۔۔۔۔۔ ایک ذمہ دار اتھاریٹی ہوتا ہے۔

a) کارپوریٹر b) ڈسٹرک کلکٹر c) گرام سیوک d) ہوم منسٹر

2) مندرجہ ذیل میں انسان کی پیدا کردہ آفت کونسی ہے؟

a) زلزلہ b) سیلاب c) شہاب وثاقب کا گرنا d) زہریلی گیس کی رسائی

3) آفات کے وقت۔۔۔۔۔۔۔۔مسائل پیش آتے ہیں۔

a) مقامی b) عالمی c) انتظامی d) ذاتی

4) ۔۔۔۔۔۔۔کا مرحلہ انتہائی صبر آزما قسم کا ہوتا ہے۔

a) آبادی کاری b) دوبارہ استعمال c) ضروری اشیاء d_) تعمیرنو

5) انسانوں اور جانوروں کے مردہ اجسام کے سڑنے پر ہر طرف بدبو پھیل جاتی ہے۔اسے۔۔۔۔۔۔۔آفت کہتے ہیں۔

a) ماحولیاتی b) صحت سے متعلق c) ضروری d) ان میں سے کوئی نہیں


**سوال نمبرا:(B) متفرق جز علحیدہ کیجئے۔ (معروضی سوالات) ہر ایک کے لئے ایک نمبر**

1) زلزلہ ۔ طوفان ۔ فساد ۔ قحط سالی

2) باہمی تعلق معلوم کیجیے۔

زہریلی گیس کا رساؤ: حادثاتی آفت : : جنگ :۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

3) درج ذیل جدول مکمل کیجئے۔




4) مثالیں کیجئے

انسان کی پیدا کردہ آفت

**سوال نمبر۲ :(A) سائنسی وجوہات لکھیئے۔ (ہر ایک کے لئے دو نمبر)**

1) فسادات کے وقت شہروں، قصبوں یا گاؤں کا ماحول کشیدہ ہو جاتا ہے۔

2) فرضی مشق (Mock drill) فائدہ مند ہے۔

3) آفت کا موثر حسن انتظام مستقبل کے لیے آگہی فراہم کرتا ہے۔

**سوال نمبر۲:(B) مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات لکھیئے۔ (ہر ایک کے لئے دو نمبر)**


1) آفت کے حسن انتظام کے مقاصد کیا ہیں؟

2) ذیل کی علامت کیا ظاہر کرتی ہے۔

۱) 

۲) 

3) نیچے دی گئی شکل میں 'آفت سے قبل' اور 'آفت کے بعد' آپ کا حسن انتظام کیا ہوگا؟



4) فرسٹ ایڈ باکس (First Aid Box) سے کیا مراد ہے؟

5) نوٹ لکھیئے۔

آفت کے حسن انتظام کا قانون 2005

**سوال نمبر3: مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب لکھیئے۔ (ہرایک کے لئے تین نمبر)**

۱) آفت کے آنے کے بعد ضلعی آفت کنٹرول روم کے کردار کی وضاحت کیجیے۔

۲) دی گئی علامات (a) (b) (c) کی شناخت کیجیے۔ ان علامتوں کو نظر انداز کرنے پر کون سی آفات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔



(a) (b) (c)

۳) آفات کی اقسام پہچانیے۔

۱) انتہائی پسندی ۲) زمین کی جھیج ۳) یرقان ۴) جنگل کی آگ ۵) قحط ۶) چوری

۴) قوس میں دیے گئے الفاظ سے مناسب لفظ چن کر دیے گئے پیراگراف کو مکمل کیجیے۔

( صلاحیت ، بازآبادکاری ، اشیاء ، انسانی زندگی ، مقاصد ، معمول ، انتظامات ، حیوانات )

آفت کے حسن انتظام کے ------ حسب ذیل ہیں۔ آفت سے ------ کو بچانا اہم مقصد ہے۔ لوگوں کو آفت زدہ علاقے سے ہٹانے میں مدد کی جاتی ہے۔ آفت کا شکار لوگوں کو حکومت کی جانب سے ضروری ------ فراہم کی جاتی ہے۔ تاکہ لوگوں کے دلوں میں آفت کے خوف کا احساس کم ہو جائے۔ آفت زدہ انسانی زندگی کو دوبارہ ------ پر لایا جاتا ہے۔ آفت سے متاثر ہونے والے لوگوں کی ------ مناسب طریقے سے کی جاتی ہے۔ علاوہ ازیں لوگوں میں مستقبل میں آنے والی آفتوں کا سامنا کرنے کے لئے حفاظتی اقدامات اختیار کرنے کی ------ پیدا کی جاتی ہے۔

**سوال نمبر4: مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب لکھیئے۔ (ہرایک کے لئے پانچ نمبر)**

۱) جدول مکمل کیجیے۔

| آفت | علامتیں | اثرات | تدارک |
|---|---|---|---|
| ۱) سڑک حادثہ | | | |
| ۲) چٹان کا کھسکنا | | | |
| ۳) جنگل کی آگ | | | |
| ۴) پانی کی قلت | | | |
| ۵) سیلاب | | | |

۲) ذیل میں دی ہوئی شکلوں کا تعلق بتاتے ہوئے آفات کے حسنِ انتظام کے تعلق سے ہر ایک کی اہمیت اپنے الفاظ میں واضح کیجیے؟



(5) (4) (3) (2) (1)